ہدایات برائے معلمین

مفتاح القرآن حصہ اول اس طرز پر ترتیب دی گئی ہے کہ پڑھنے والے میں عربی جملوں کے براہ راست ترجمہ کی استعداد پیدا ہو جائے یعنی طالب علم مفرد الفاظ کے معانی جاننے کے بعد جملوں کا ترجمہ خود بخود کر سکے۔ مفتاح القرآن حصہ دوم میں ۳ مقاصد پیش نظر ہیں۔

اول۔ عربی قواعد کی پیچیدہ اصطلاحات میں دماغ الجھائے بغیر ابتدائی صرف و نحو سے مناسبت ہو جائے یعنی طالب علم ماضی و مضارع، امر و نہی کے کل صیغوں اور آسان ترکیبوں مثلاً مرکب اضافی، مرکب توصیفی، مبتدا و خبر، فعل و فاعل کا ترجمہ کرنے لگے۔

دوم۔ براہ راست طریقہ تعلیم DIRECT MEHOD - OF TEACHING کے ذریعہ عربی عبارتوں خصوصاً قرآنی آیات کے ترجمہ کی مزید استعداد پیدا ہو۔

سوم۔ دین کے بنیادی اصول ایمانیات، ارکان اسلام، اوامر، نواہی اور نصائح کا علم قرآن سے حاصل کیا جائے۔ معلمین صاحبان ان مقاصد کو سامنے رکھ کر طلبہ کو درس دیں تاکہ قرآنی تعلیمات کے ساتھ ساتھ عربی زبان اور عربی گرامر صرف و نحو میں بھی طلبہ اچھی استعداد پیدا کر سکیں۔

محفوظ الرحمٰن نامی

إنا جعلناه قرآنا عربيا لعلكم تعقلون
بیشک ہم نے بنایا اس کو قرآن عربی زبان میں تاکہ تم سمجھو
قرآن
پڑھو پڑھاؤ
لا إله إلا الله
اور
محمد رسول الله
کعبہ مکرمہ
مسجد نبوی (صلعم)
مفتاح القرآن
حصہ نمبر ۶، ۷، ۸ تا ۱۰
مرتبہ
مولانا محفوظ الرحمٰن نامی
مطبوعہ اکلیل پرنٹنگ پریس لاہور
بماہ اپریل سنہ ۱۹۵۵ء
چوتھی مرتبہ
۳۰۰۰ جلد
جملہ حقوق تالیف و طباعت بحق مؤلف محفوظ ہیں
قیمت فی جلد ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پہلا سبق

اَسْمَاء

وَاحِد۔ ایک کو بتانے والا لفظ، تَثْنِیَه۔ دو کو بتانے والا لفظ،

جَمع۔ دو سے زیادہ کو بتانے والا لفظ،

مُذَکَّر۔ جس لفظ میں مؤنّث کی کوئی نشانی نہ ہو

مُؤَنَّث۔ جس لفظ کے آخر میں مؤنث کی کوئی نشانی مثلاً ۃ ہو

وَاحِد مُذَکَّر	وَاحِد مُؤَنَّث
عَابِدٌ۔ بندگی کرنے والا،	عَابِدَةٌ۔ بندگی کرنے والی،
حَامِدٌ۔ تعریف کرنے والا،	حَامِدَةٌ۔ تعریف کرنے والی،
سَاجِدٌ۔ سجدہ کرنے والا،	سَاجِدَةٌ۔ سجدہ کرنے والی،
خَاشِعٌ۔ عاجزی کرنے والا،	خَاشِعَةٌ۔ عاجزی کرنے والی،
قَائِمٌ۔ کھڑا ہونے والا،	قَائِمَةٌ۔ کھڑی ہونے والی،
رَاکِعٌ۔ رکوع کرنے والا،	رَاکِعَةٌ۔ رکوع کرنے والی،
قَاعِدٌ۔ بیٹھنے والا،	قَاعِدَةٌ۔ بیٹھنے والی،

گردان

	مُذَکَّر	مُؤَنَّث
واحِد	عَابِدٌ	عَابِدَةٌ
	عبادت کرنے والا ایک مرد	عبادت کرنے والی ایک عورت
تَثْنِیَہ	عَابِدَانِ	عَابِدَتَانِ
	عبادت کرنے والے دو مرد	عبادت کرنے والی دو عورتیں
جَمع	عَابِدُوْنَ	عَابِدَاتٌ
	عبادت کرنے والے بہت سے مرد	عبادت کرنے والی بہت سی عورتیں

مشق

نیچے لکھے ہوئے الفاظ کے معنی بتائیے
تثنیہ، جمع، مذکر اور مونث کا خیال رکھئے

حَامِدَانِ	حَامِدَتَانِ	حَامِدُوْنَ	حَامِدَاتٌ
سَاجِدَانِ	سَاجِدَتَانِ	سَاجِدُوْنَ	سَاجِدَاتٌ
خَاشِعَانِ	خَاشِعَتَانِ	خَاشِعُوْنَ	خَاشِعَاتٌ
رَاکِعَانِ	رَاکِعَتَانِ	رَاکِعُوْنَ	رَاکِعَاتٌ
عَابِدُوْنَ	قَائِمُوْنَ	قَاعِدُوْنَ	سَاجِدُوْنَ
عَابِدَاتٌ	قَائِمَاتٌ	رَاکِعَاتٌ	سَاجِدَاتٌ

دوسرا سبق

اَسْمَاءِ اشارہ

	مذکر	مؤنث
واحد	هٰذَا۔ یہ　ذَالِكَ۔ وہ	هٰذِهٖ۔ یہ　تِلْكَ۔ وہ
تثنیہ	هٰذَانِ۔ یہ دونوں مرد	هَاتَانِ۔ یہ دونوں عورتیں
جمع	هٰؤُلَاءِ۔ یہ سب مرد	هٰؤُلَاءِ۔ یہ سب عورتیں
	اُولٰٓئِكَ۔ وہ سب مرد	اُولٰٓئِكَ۔ وہ سب عورتیں

اشارہ و مُشَارٌ اِلَیْہ

جس شخص یا جس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اس کو مُشَارٌ اِلَیْہ کہتے ہیں۔ جب اسم اشارہ کے ساتھ مشارٌ الیہ لایا جائیگا تو مشارٌ الیہ پر الف لام ہوگا۔ جیسے

هٰذَا النَّبِیُّ۔ یہ نبی۔ هٰذَا۔ اسم اشارہ　اَلنَّبِیُّ مشارٌ الیہ

اَلرَّسُوْلُ پیغمبر　　اَلْكِتَابُ۔ کتاب　　اَلْقُرْاٰنُ۔ قرآن

اَلْبَیْتُ۔ گھر　　اَلْبَلَدُ۔ شہر　　اَلْقَرْیَةُ۔ گاؤں بستی

اَلشَّجَرَةُ۔ درخت　　اَلْجَنَّةُ۔ جنت　　اَلنَّارُ۔ دوزخ آگ

اَلْيَوْمُ ۔ دن، اَللَّيْلَةُ ۔ رات، اَلرَّجُلُ ۔ مرد،

اَلْاِمْرَءَةُ ۔ عورت، اَلْوَلَدُ ۔ لڑکا، اَلْبِنْتُ ۔ لڑکی،

اَلْاَنْهَارُ ۔ نہریں، اَلْحَدِيْثُ ۔ بات، اَلْحَيٰوةُ ۔ زندگی،

اَلدَّارُ ۔ گھر

مذکر مؤنث، واحد، تثنیہ، جمع، اور اشارہ قریب و بعید کا لحاظ رکھتے ہوئے ترجمہ کیجیے۔

هٰذَا الرَّسُوْلُ ذٰلِكَ الْكِتَابُ هٰذَا الْقُرْاٰنُ

هٰذَا الْبَيْتُ هٰذَا الْبَلَدُ هٰذِهِ الْقَرْيَةُ

تِلْكَ الشَّجَرَةُ هٰذِهِ الْجَنَّةُ تِلْكَ النَّارُ

هٰذِهِ الْاَنْهَارُ ذٰلِكَ الْيَوْمُ تِلْكَ اللَّيْلَةُ

ذٰلِكَ الرَّجُلُ تِلْكَ الْاِمْرَءَةُ هٰذَا الْحَدِيْثُ

ذٰلِكَ الْوَلَدُ تِلْكَ الْبِنْتُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ

هٰذِهِ الْحَيٰوةُ تِلْكَ الدَّارُ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ

هَاتَانِ الْاِمْرَءَتَانِ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءُ

اُولٰئِكَ الرِّجَالُ اُولٰئِكَ النِّسَاءُ

تیسرا سبق
اسم اشارہ اور اس کی خبر

جب اسم اشارہ سے کسی شخص یا چیز کی طرف اشارہ کر کے اُس شخص یا چیز کے لئے کسی بات کی خبر دیجائے تو اسم اشارہ مبتدا ہوتا ہے اور آگے اس کی خبر ہوتی ہے۔ خبر پہ الف لام نہیں لایا جاتا ہے جیسے۔ هٰذَا مُؤْمِنٌ۔ یہ ایمان دار مرد ہے۔
هٰذِهٖ مُؤْمِنَةٌ۔ یہ ایماندار عورت ہے۔ ذٰلِكَ مُسْلِمٌ۔ وہ مسلمان مرد ہے، تِلْكَ مُسْلِمَةٌ۔ وہ مسلمان عورت ہے

صِرَاطٌ۔ راستہ، حُجَّةٌ۔ دلیل، اِثْمٌ۔ گناہ،
اُمَّةٌ۔ جماعت، ثُعْبَانٌ۔ اژدہا، حَيَّةٌ۔ سانپ،
صَرْحٌ۔ محل، صَخْرَةٌ پتھر کی چٹان، صَالِحَانِ۔ دو نیک مرد،
بُرْهَانَانِ۔ دو دلیلیں، سَاحِرَانِ۔ دو جادوگر،
اَصْحَابُ الْجَنَّةِ جنت والے، اَصْحَابُ النَّارِ دوزخ والے،
حِزْبُ اللّٰهِ۔ اللہ کا گروہ، حِزْبُ الشَّيْطَانِ شیطان کا گروہ،

هٰذَا صِرَاطٌ　تِلْكَ حُجَّةٌ　ذٰلِكَ اِثْمٌ

تِلْكَ اُمَّةٌ هٰذَانِ ثُعْبَانٌ هٰذِهٖ حَيَّةٌ

هٰذَا امْرُحٌ هٰذِهٖ صَخْرَةٌ هٰذَانِ بُرْهَانَانِ

هٰذَانِ سَاحِرَانِ هٰذَانِ صَالِحَانِ

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ

چوتھا سبق

مضاف و مضاف الیہ

مضاف پہلے ہوتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں آتا ہے اردو ترجمہ کرتے ہوئے مضاف الیہ کا ترجمہ پہلے اور مضاف کا بعد میں کیا جاتا ہے۔ اور دونوں لفظوں کے بیچ میں۔ کا، کی، کے، یا۔ را، ری، رے کی آواز نکلتی ہے۔ مثلاً رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ اللہ کا رسول، كِتَابُ اللّٰهِ۔ اللہ کی کتاب، مَلٰٓئِكَةُ اللّٰهِ۔ اللہ کے فرشتے

اِسْمٌ۔ نام،	رَبٌّ۔ پروردگار،	الْعَالَمِيْنَ۔ تمام جہان
يَوْمٌ۔ دن،	الدِّيْنِ۔ جزا،	النَّاسِ۔ لوگ،
مَلِكٌ۔ بادشاہ	اِلٰهٌ۔ معبود	شَرٌّ۔ برائی،
الْوَسْوَاسِ۔ بہکانے والا،		صُدُوْرٌ۔ سینے،

اَلْفَلَقِ۔ صبح	غَاسِقٍ۔ اندھیری رات	اَلنَّفّٰثٰتِ پھونک مارنے والیاں
حَاسِدٍ حسد کرنے والا	عَذَابٌ۔ عذاب	اَلنَّارُ۔ آگ
لَيْلَةٌ۔ رات	اَلْقَدْرُ۔ قدر	اَصْحَابُ۔ مالک لوگ
اَلْفِيْلُ۔ ہاتھی	حَدِيْثٌ۔ بات	اَلْغَاشِيَةُ۔ قیامت

اِسْمِ اللّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	يَوْمِ الدِّيْنِ
رَبِّ النَّاسِ	مَلِكِ النَّاسِ	اِلٰهِ النَّاسِ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ	صُدُوْرِ النَّاسِ	رَبِّ الْفَلَقِ
شَرِّ غَاسِقٍ	شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	شَرِّ حَاسِدٍ
عَذَابَ النَّارِ	لَيْلَةُ الْقَدْرِ	اَصْحَابِ الْفِيْلِ

حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ

پانچواں سبق

موصوف وصفت

جس لفظ کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے اس کو موصوف کہتے ہیں اور وہ لفظ جو اچھائی یا برائی بیان کرے اُس کو صفت کہتے ہیں۔ موصوف پہلے ہوتا ہے اور صفت بعد میں آتی ہے اردو ترجمہ

کرتے ہوئے صفت کا ترجمہ پہلے اور موصوف کا بعد میں کیا جاتا ہے مثلاً
رَسُوْلٌ کَرِیْمٌ۔ بزرگ پیغمبر، کِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ۔ لکھی ہوئی کتاب،
جَنَّةٌ عَالِیَةٌ۔ بلند بہشت

اَلرَّحْمٰنِ۔ بڑا مہربان، اَلرَّحِیْمِ۔ بہت رحم والا اَلشَّیْطَانِ۔ شیطان،
اَلرَّجِیْمِ مردود، اَلصِّرَاطَ۔ راستہ اَلْمُسْتَقِیْمَ۔ سیدھا
اَلْوَسْوَاسِ۔ بہکانے والا، اَلْخَنَّاسِ پیچھے ہٹنے والا،
عَصْفٍ بھوسہ، مَاْکُوْلٍ۔ کھایا ہوا، اَلْفَوْزُ۔ کامیابی،
اَلْعَظِیْمُ۔ بڑی، عَیْنٌ چشمہ جَارِیَةٌ۔ بہنے والا،
مُبِیْنٌ۔ کھلی ہوئی، اَلشَّجَرِ۔ درخت، اَلْاَخْضَرِ۔ سبز،
عَذَابٌ۔ عذاب، اَلِیْمٌ۔ دردناک، سَاحِرٌ۔ جادوگر،
کَذَّابٌ۔ بہت جھوٹا، عَبْدٌ۔ غلام، مُؤْمِنٌ۔ ایمان دار،
اَمَةٌ۔ باندی، مُؤْمِنَةٌ۔ ایماندار، کَلِمَةٍ۔ بات،
طَیِّبَةٍ۔ اچھی، خَبِیْثَةٍ۔ بری،

اَللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ
اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ اَلْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ
عَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ اَلْفَوْزُ الْعَظِیْمُ عَیْنٌ جَارِیَةٌ

كِتَابٌ مُّبِيْنٌ اَلشَّجَرُ الْاَخْضَرُ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

سَاحِرٌ كَذَّابٌ عَبْدٌ مُّؤْمِنٌ اَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ

كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ شَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ

شَجَرَةٍ خَبِيْثَةٍ

چھٹا سبق

اسماء ضمائر

فاعلی ضمیریں

واحد کی ضمیریں

هُوَ	هِيَ	اَنْتَ	اَنْتِ	اَنَا
وہ ایک مرد	وہ ایک عورت	تو ایک مرد	تو ایک عورت	میں (مرد یا عورت)

تثنیہ کی ضمیریں

هُمَا	هُمَا	اَنْتُمَا	اَنْتُمَا	نَحْنُ
وہ دونوں مرد	وہ دونوں عورتیں	تم دو مرد	تم دو عورتیں	ہم دو مرد یا دو عورتیں

جمع کی ضمیریں

هُمْ	هُنَّ	اَنْتُمْ	اَنْتُنَّ	نَحْنُ
وہ سب مرد	وہ سب عورتیں	تم سب مرد	تم سب عورتیں	ہم سب مرد یا ہم سب عورتیں

مشق

فَائِزٌ کامیاب ہونے والا، خَاسِرٌ گھاٹے میں پڑنے والا، قَانِتٌ عبادت کرنے والا

صَالِحٌ نیک بخت، نَاصِحٌ نصیحت کرنے والا، غَالِبٌ غلبہ پانے والا

كَاتِبٌ لکھنے والا، ظَالِمٌ ظلم کرنے والا، مُفْلِحٌ کامیاب ہونے والا،

مُشْرِكٌ شرک کرنے والا، مُوْقِنٌ یقین رکھنے والا، شَاكِرٌ شکر کرنے والا

جملے

واحد، تثنیہ، جمع، مؤنث و مذکر کا خیال رکھئے۔

هُوَ قَانِتٌ	هِيَ شَاكِرَةٌ	هُمَا صَالِحَانِ	هُمْ فَائِزُوْنَ
هِيَ ظَالِمَةٌ	هُمَا خَاسِرَتَانِ	هُنَّ صَائِمَاتٌ	اَنْتُمْ ظَالِمُوْنَ
اَنْتُمَا سَاحِرَانِ	اَنَا نَاصِحٌ	اَنَا فَائِزٌ	نَحْنُ غَالِبُوْنَ
اَنْتَ مُؤْمِنٌ	اَنْتِ مُؤْمِنَةٌ	هُمْ مُشْرِكُوْنَ	هُنَّ مُشْرِكَاتٌ
اَنَا مُوْقِنٌ	نَحْنُ مُوْقِنُوْنَ	اَنَا مُوْقِنَةٌ	نَحْنُ مُوْقِنَاتٌ

مفعولی ضمیریں

واحد

طَلَبَهُ	طَلَبَهَا	طَلَبَكَ	طَلَبَكِ	طَلَبَنِيْ
بلایا اس مرد کو	بلایا اس عورت کو	بلایا تجھ مرد کو	بلایا تجھ عورت کو	بلایا مجھ کو

تثنیہ

طَلَبَهُمَا	طَلَبَهُمَا	طَلَبَكُمَا	طَلَبَكُمَا	طَلَبَنَا
بلایا اُن دو مردوں کو	بلایا اُن دو عورتوں کو	بلایا تم دو مردوں کو	بلایا تم دو عورتوں کو	بلایا ہم کو دو مرد یا دو عورتیں

جمع

طَلَبَهُمْ	طَلَبَهُنَّ	طَلَبَكُمْ	طَلَبَكُنَّ	طَلَبَنَا
بلایا اُن سب مردوں کو	بلایا اُن سب عورتوں کو	بلایا تم سب مردوں کو	بلایا تم سب عورتوں کو	بلایا ہم سب کو (مردوں یا عورتوں)

ساتواں سبق

افعال

فعل ماضی

قَرَءَ۔ پڑھا، کَتَبَ۔ لکھا، اَكَلَ۔ کھایا، شَرِبَ۔ پیا،
عَبَدَ۔ عبادت کی، صَدَقَ۔ سچ کہا، کَفَرَ۔ کفر کیا، کَذَبَ۔ جھوٹ کہا
سَمِعَ۔ سنا، عَمِلَ۔ عمل کیا

واحد

قَرَءَ	قَرَءَتْ	قَرَءْتَ	قَرَءْتِ	قَرَءْتُ
پڑھا اس مرد نے	پڑھا اس عورت نے	پڑھا تو مرد نے	پڑھا تو عورت نے	پڑھا میں نے

كَتَبَ	كَتَبْتُ	كَتَبْتَ	كَتَبْتِ	كَتَبْتُ
أَكَلَ	أَكَلْتُ	أَكَلْتَ	أَكَلْتِ	أَكَلْتُ
شَرِبَ	شَرِبْتُ	شَرِبْتَ	شَرِبْتِ	شَرِبْتُ
عَبَدَ	عَبَدْتُ	عَبَدْتَّ	عَبَدْتِّ	عَبَدْتُّ
صَدَقَ	صَدَقْتُ	صَدَقْتَ	صَدَقْتِ	صَدَقْتُ
كَفَرَ	كَفَرْتُ	كَفَرْتَ	كَفَرْتِ	كَفَرْتُ
كَذَبَ	كَذَبْتُ	كَذَبْتَ	كَذَبْتِ	كَذَبْتُ
سَمِعَ	سَمِعْتُ	سَمِعْتَ	سَمِعْتِ	سَمِعْتُ
عَمِلَ	عَمِلْتُ	عَمِلْتَ	عَمِلْتِ	عَمِلْتُ

تثنیہ

قَرَأَا	قَرَأَتَا	قَرَءْتُمَا	قَرَءْتُمَا	قَرَءْنَا
پڑھا اُن دو مردوں نے	پڑھا اُن دو عورتوں نے	پڑھا تم دو مردوں نے	پڑھا تم دو عورتوں نے	پڑھا ہم نے
كَتَبَا	كَتَبَتَا	كَتَبْتُمَا	كَتَبْتُمَا	كَتَبْنَا
أَكَلَا	أَكَلَتَا	أَكَلْتُمَا	أَكَلْتُمَا	أَكَلْنَا
شَرِبَا	شَرِبَتَا	شَرِبْتُمَا	شَرِبْتُمَا	شَرِبْنَا

عَبَدَا	عَبَدَتَا	عَبَدْتُمَا	عَبَدْتُمَا	عَبَدْنَا
صَدَقَا	صَدَقَتَا	صَدَقْتُمَا	صَدَقْتُمَا	صَدَقْنَا
كَفَرَا	كَفَرَتَا	كَفَرْتُمَا	كَفَرْتُمَا	كَفَرْنَا
كَذَبَا	كَذَبَتَا	كَذَبْتُمَا	كَذَبْتُمَا	كَذَبْنَا
سَمِعَا	سَمِعَتَا	سَمِعْتُمَا	سَمِعْتُمَا	سَمِعْنَا
عَمِلَا	عَمِلَتَا	عَمِلْتُمَا	عَمِلْتُمَا	عَمِلْنَا

جمع

قَرَءُوْا	قَرَءْنَ	قَرَءْتُمْ	قَرَءْتُنَّ	قَرَءْنَا
پڑھا اُن سب مردوں نے	پڑھا اُن سب عورتوں نے	پڑھا تم سب مردوں نے	پڑھا تم سب عورتوں نے	پڑھا ہم نے
كَتَبُوْا	كَتَبْنَ	كَتَبْتُمْ	كَتَبْتُنَّ	كَتَبْنَا
اَكَلُوْا	اَكَلْنَ	اَكَلْتُمْ	اَكَلْتُنَّ	اَكَلْنَا
شَرِبُوْا	شَرِبْنَ	شَرِبْتُمْ	شَرِبْتُنَّ	شَرِبْنَا
عَبَدُوْا	عَبَدْنَ	عَبَدْتُمْ	عَبَدْتُنَّ	عَبَدْنَا
صَدَقُوْا	صَدَقْنَ	صَدَقْتُمْ	صَدَقْتُنَّ	صَدَقْنَا
كَفَرُوْا	كَفَرْنَ	كَفَرْتُمْ	كَفَرْتُنَّ	كَفَرْنَا
كَذَبُوْا	كَذَبْنَ	كَذَبْتُمْ	كَذَبْتُنَّ	كَذَبْنَا

سَمِعُوْا	سَمِعْنَ	سَمِعْتُمْ	سَمِعْتُنَّ	سَمِعْنَا
عَمِلُوْا	عَمِلْنَ	عَمِلْتُمْ	عَمِلْتُنَّ	عَمِلْنَا

نوٹ۔ فعل ماضی کے مختلف الفاظ کے ساتھ ۱۴ صیغوں کی خوب مشق کرائی جائے جب تک طالب علم ہر صیغہ کی نشانی سمجھ کر صحیح معنی نہ بتانے لگے آگے سبق نہ پڑھایا جائے۔ ماضی کے ہر صیغہ کی نشانی آخر میں ہوتی ہے۔ لہٰذا آخر حرف اور اُس کی حرکت پر پورا خیال رکھا جائے۔

آٹھواں سبق

مضارع

یَقْرَءُ۔ پڑھتا ہے یا پڑھے گا۔

یَصْدُقُ۔ سچ بولتا ہے یا سچ بولیگا' یَکْذِبُ۔ جھوٹ بولتا ہے یا جھوٹ بولیگا

یَسْمَعُ۔ سنتا ہے یا سنیگا' یَجْعَلُ۔ بناتا ہے یا بنائے گا'

یَشْعُرُ۔ سمجھتا ہے یا سمجھیگا'

واحد

یَقْرَءُ	تَقْرَءُ	تَقْرَءُ	تَقْرَئِیْنَ	اَقْرَءُ
پڑھتا ہے یا پڑھیگا وہ ایک مرد	پڑھتی ہے یا پڑھیگی وہ ایک عورت	پڑھتا ہے یا پڑھیگا تو ایک مرد	پڑھتی ہے یا پڑھیگی تو ایک عورت	پڑھتا ہوں یا پڑھونگا میں پڑھتی ہوں یا پڑھونگی میں
یَصْدُقُ	تَصْدُقُ	تَصْدُقُ	تَصْدُقِیْنَ	اَصْدُقُ

يَكْذِبُ	تَكْذِبُ	تَكْذِبُ	تَكْذِبِيْنَ	اَكْذِبُ
يَسْمَعُ	تَسْمَعُ	تَسْمَعُ	تَسْمَعِيْنَ	اَسْمَعُ
يَجْعَلُ	تَجْعَلُ	تَجْعَلُ	تَجْعَلِيْنَ	اَجْعَلُ
يَشْعُرُ	تَشْعُرُ	تَشْعُرُ	تَشْعُرِيْنَ	اَشْعُرُ

تثنیہ

يَقْرَاٰنِ	تَقْرَاٰنِ	تَقْرَاٰنِ	تَقْرَاٰنِ	نَقْرَءُ
پڑھتے ہیں یا پڑھیں گے وہ دو مرد	پڑھتی ہیں یا پڑھیں گی وہ دو عورتیں	پڑھتے ہو یا پڑھو گے تم دو مرد	پڑھتی ہو یا پڑھو گی تم دو عورتیں	پڑھتے ہیں یا پڑھینگے ہم دو مرد۔ پڑھتی ہیں یا پڑھینگی ہم دو عورتیں

يَصْدُقَانِ	تَصْدُقَانِ	تَصْدُقَانِ	تَصْدُقَانِ	نَصْدُقُ
يَكْذِبَانِ	تَكْذِبَانِ	تَكْذِبَانِ	تَكْذِبَانِ	نَكْذِبُ
يَسْمَعَانِ	تَسْمَعَانِ	تَسْمَعَانِ	تَسْمَعَانِ	نَسْمَعُ
يَجْعَلَانِ	تَجْعَلَانِ	تَجْعَلَانِ	تَجْعَلَانِ	نَجْعَلُ
يَشْعُرَانِ	تَشْعُرَانِ	تَشْعُرَانِ	تَشْعُرَانِ	نَشْعُرُ

جمع

يَقْرَءُوْنَ	يَقْرَءْنَ	تَقْرَءُوْنَ	تَقْرَءْنَ	نَقْرَءُ
پڑھتے ہیں یا پڑھینگے وہ سب مرد	پڑھتی ہیں یا پڑھیں گی وہ سب عورتیں	پڑھتے ہو یا پڑھوگے تم سب مرد	پڑھتی ہو یا پڑھوگی تم سب عورتیں	پڑھتے ہیں یا پڑھینگے ہم سب مرد۔ پڑھتی ہیں یا پڑھینگی ہم سب عورتیں
يَصْدُقُوْنَ	يَصْدُقْنَ	تَصْدُقُوْنَ	تَصْدُقْنَ	نَصْدُقُ
يُكَذِّبُوْنَ	يُكَذِّبْنَ	تُكَذِّبُوْنَ	تُكَذِّبْنَ	نُكَذِّبُ
يَسْمَعُوْنَ	يَسْمَعْنَ	تَسْمَعُوْنَ	تَسْمَعْنَ	نَسْمَعُ
يَجْعَلُوْنَ	يَجْعَلْنَ	تَجْعَلُوْنَ	تَجْعَلْنَ	نَجْعَلُ
يَشْعُرُوْنَ	يَشْعُرْنَ	تَشْعُرُوْنَ	تَشْعُرْنَ	نَشْعُرُ

مشق

حسبِ ذیل الفاظ کو مضارع کی ۱۴ شکلوں میں مشق کیجئے اور ہر ایک کا ترجمہ کیجئے۔
يَسْجُدُ۔ سجدہ کرتا ہے، يَعْقِلُ۔ سمجھتا ہے، يَعْلَمُ۔ جانتا ہے، يَفْتَحُ۔ کھولتا ہے
يُؤْمِنُ۔ ایمان لاتا ہے، يُسْلِمُ۔ فرماں برداری کرتا ہے، يُنَزِّلُ۔ اُتارتا ہے،
يُصَدِّقُ۔ سچ بتلاتا ہے، يُكَذِّبُ۔ جھٹلاتا ہے، يُوْقِنُ۔ یقین رکھتا ہے

نوٹ:۔ مضارع کے ہر صیغہ کو پہچاننے کیلئے مضارع کے اوّل حرف اور آخر پر پوری نگاہ رکھی جائے جب پوری طرح مشق ہو جائے اور ہر صیغہ کا صحیح ترجمہ طالب علم بتانے لگے تو سبق آگے پڑھایا جائے۔

نواں سبق

امر

اُسْجُدْنَ	اُسْجُدِیْ	اُسْجُدُوْا	اُسْجُدْ
سجدہ کرو تم سب عورتیں	سجدہ کر تو ایک عورت	سجدہ کرو تم سب مرد	سجدہ کر تو ایک مرد
اُعْبُدْنَ	اُعْبُدِیْ	اُعْبُدُوْا	اُعْبُدْ
اُكْتُبْنَ	اُكْتُبِیْ	اُكْتُبُوْا	اُكْتُبْ
اِرْكَعْنَ	اِرْكَعِیْ	اِرْكَعُوْا	اِرْكَعْ
اِشْرَبْنَ	اِشْرَبِیْ	اِشْرَبُوْا	اِشْرَبْ
اُدْخُلْنَ	اُدْخُلِیْ	اُدْخُلُوْا	اُدْخُلْ

نہی

لَا تَسْجُدْنَ	لَا تَسْجُدِیْ	لَا تَسْجُدُوْا	لَا تَسْجُدْ
مت سجدہ کرو تم سب عورتیں	مت سجدہ کر تو ایک عورت	مت سجدہ کرو تم سب مرد	مت سجدہ کر تو ایک مرد
لَا تَعْبُدْنَ	لَا تَعْبُدِیْ	لَا تَعْبُدُوْا	لَا تَعْبُدْ
لَا تَرْكَعْنَ	لَا تَرْكَعِیْ	لَا تَرْكَعُوْا	لَا تَرْكَعْ
لَا تَكْتُبْنَ	لَا تَكْتُبِیْ	لَا تَكْتُبُوْا	لَا تَكْتُبْ
لَا تَشْرَبْنَ	لَا تَشْرَبِیْ	لَا تَشْرَبُوْا	لَا تَشْرَبْ
لَا تَدْخُلْنَ	لَا تَدْخُلِیْ	لَا تَدْخُلُوْا	لَا تَدْخُلْ

دسواں سبق

حروف

جار و مجرور

حرف جار جس اسم پر آتا ہے اس کو زیر دیتا ہے اور اس اسم کو مجرور کہتے ہیں،

بِ ـ ساتھ، لِ ـ لئے، واو قسم، مِنْ ـ سے، فی ـ میں،
عَلٰی ـ پر، حَتّٰی ـ تک، اِلٰی ـ طرف، عَنْ ـ سے، كَ ـ مثل

اَللّٰهُ ـ خدا، اَلرَّسُوْلُ ـ پیغمبر، اَلْمَلٰٓئِكَةُ ـ فرشتے، اَلْكِتَابُ ـ کتاب
اَلْاٰخِرَةُ ـ قیامت، اَلْجَنَّةُ ـ بہشت، اَلنَّارُ ـ دوزخ،
اَلْعَصْرُ ـ زمانہ، اَلنَّهَارُ ـ دن، اَللَّيْلُ ـ رات،
مَغْفِرَةٌ ـ بخشش، حِجَارَةٌ ـ پتھریاں، سِجِّيْلُ ـ کنکر،

بِاللّٰهِ، لِلرَّسُوْلِ، عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ، مِنَ الْكِتَابِ،
عَنِ الْاٰخِرَةِ، فِي الْجَنَّةِ، اِلَى النَّارِ، وَالْعَصْرِ،
فِي النَّهَارِ، اِلَى اللَّيْلِ، اِلٰى مَغْفِرَةٍ، كَشَجَرَةٍ،
عَلٰى صِرَاطٍ، مِنْ عَذَابٍ، اِلَى الْمَسْجِدِ،

بِرَبِّ النَّاسِ، مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ، فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ

كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ
كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ مِنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ
بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ

مجرور ضمیریں

واحد

لَهٗ	لَهَا	لَكَ	لَكِ	لِيْ
اُس مرد کے لئے	اُس عورت کیلئے	تجھ مرد کیلئے	تجھ عورت کے لئے	میرے لئے

تثنیہ

لَهُمَا	لَهُمَا	لَكُمَا	لَكُمَا	لَنَا
اُن دو مردوں کے لئے	ان دو عورتوں کے لئے	تم دو مردوں کے لئے	تم دو عورتوں کے لئے	ہم دو مرد یا ہم دو عورتوں کیلئے

جمع

لَهُمْ	لَهُنَّ	لَكُمْ	لَكُنَّ	لَنَا
اُن سب مردوں کیلئے	اُن سب عورتوں کے لئے	تم سب مردوں کے لئے	تم سب عورتوں کے لئے	ہم سب مردوں یا عورتوں کیلئے

جملے

اسمیہ جملے

اَلْعَزِیْزُ۔ غالب۔ اَلْحَکِیْمُ۔ حکمت والا۔ رَءُوْفٌ۔ بہت مہربان۔
اَلْعِبَادُ۔ بندوں۔ اَلتَّوَّابُ۔ بہت معاف کرنے والا۔
اَلْمُفْلِحُوْنَ۔ کامیاب ہونے والے۔ قَانِتُوْنَ۔ تابعدار
مُسْلِمُوْنَ۔ فرماں بردار

مبتدا و خبر

وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ — اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ
اللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ — ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ
ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ — اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ
ھُمْ یَعْلَمُوْنَ — اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی
اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ — کُلٌّ لَّہٗ قَانِتُوْنَ
نَحْنُ لَہٗ مُسْلِمُوْنَ — نَحْنُ لَہٗ عَابِدُوْنَ
نَحْنُ لَہٗ مُخْلِصُوْنَ

اسمیہ جملے

حروف مشبہ بہ فعل کے ساتھ

اَلْاَبْرَارَ۔ نیک لوگ، نَعِیْمٌ۔ آرام، اَلْفُجَّارُ۔ بُرے لوگ، جَحِیْمٌ۔ جہنم
مَا یُرِیْدُ۔ جو کچھ ارادہ کرتا ہے، تَتَّقُوْنَ۔ پرہیزگار بن جاؤ
تَعْقِلُوْنَ۔ سمجھنے لگو، تَغْلِبُوْنَ۔ غالب ہو جاؤ، تَذَّکَّرُوْنَ۔ نصیحت حاصل کرو تم
یَذَّکَّرُوْنَ۔ نصیحت حاصل کریں لوگ، یَهْتَدُوْنَ۔ ہدایت پائیں وہ لوگ

اِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ، اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ،
اِنَّكَ لَعَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ، اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ،
اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ، اِنَّهٗ لَهُدًی وَّرَحْمَةٌ،
لٰكِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ، لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ، لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ، لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ،
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ، لَعَلَّهُمْ یَتَذَكَّرُوْنَ، لَعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ

افعالِ ناقصہ

كَانَ۔ ہے، سَمِیْعًا۔ سننے والا، مُحِیْطًا۔ گھیرنے والا،
شُهَدَاءَ۔ گواہی دینے والے، شَهِیْدًا۔ گواہ، كُنْتُمْ۔ ہو تم

خَيْرَ اُمَّةٍ۔ بہترین اُمت، اَصْبَحْتُمْ ہو گئے ہو تم، اِخْوَانًا۔ بھائی بھائی،
اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔ اچھا طریقہ، وَلَا تَكُوْنُوْا۔ اور مت ہو جاؤ

كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا

كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا كَانَ اللّٰهُ عَلٰى شَيْءٍ مُّحِيْطًا

لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ يَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ اِخْوَانًا

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ،

وَلَا تَكُوْنُوْا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ،

فعلیہ جملے

ماضی

خَتَمَ۔ مہر لگایا، قُلُوْبِهِمْ۔ اُن کے دلوں، لَقُوْا۔ ملاقات کی،
اٰمَنُوْا۔ ایمان لائے، قَالُوْا۔ کہا اُنھوں نے، اٰمَنَّا۔ ایمان لے آئے ہم
ذَهَبَ۔ لے گیا، تَرَكَهُمْ۔ چھوڑ دیا ان کو، ظُلُمَاتٍ۔ تاریکیوں،
جَعَلَ۔ بنایا، فِرَاشًا۔ بچھونا، بِنَاءً۔ چھت، خَلَقَ۔ پیدا کیا،
مَا فِي الْاَرْضِ۔ جو کچھ ہے زمین میں، جَمِيْعًا۔ سب کا سب،

عَلَّمَ۔ سکھایا، اَبٰی۔ انکار کیا، اِسْتَکْبَرَ۔ تکبر کیا، اَنْجَیْنَا۔ نجات دی ہم نے
اَغْرَقْنَا۔ ڈبو دیا ہم نے، اٰلَ۔ خاندان، عَلِمْتُمْ۔ جان لیا تم نے
اِعْتَدَوْا۔ زیادتی کی انھوں نے، اَخَذْنَا۔ لیا ہم نے
مِیْثَاقَکُمْ۔ وعدہ تمہارا، رَفَعْنَا۔ بلند کیا ہم نے
فَوْقَکُمْ۔ تمہارے اوپر، اَلطُّوْرَ۔ طور پہاڑ،

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ۔
اِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا۔
ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَکَهُمْ فِیْ ظُلُمٰتٍ۔
جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً
خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا
عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا
اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ
اَنْجَیْنٰکُمْ وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِیْنَ اعْتَدَوْا مِنْکُمْ
وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ

مضارع

يُؤْمِنُوْنَ۔ ایمان لاتے ہیں، بِالْغَيْبِ۔ پوشیدہ چیزوں پر، يُقِيْمُوْنَ۔ قائم کرتے ہیں، مِمَّا۔ اس میں سے جو رَزَقْنَا۔ رزق دیا ہم نے يُنْفِقُوْنَ۔ خرچ کرتے ہیں، يَجْعَلُوْنَ۔ کرتے ہیں، اَصَابِعَهُمْ۔ اپنی انگلیاں اٰذَانِهِمْ۔ اپنے کانوں، يَكَادُ۔ قریب ہے، اَلْبَرْقُ۔ چمک، يَخْطَفُ۔ اچک لے۔ اَبْصَارَهُمْ۔ انکی نگاہیں يَنْقُضُوْنَ۔ توڑتے ہیں، عَهْدَ اللّٰهِ۔ اللہ کا وعدہ، مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ۔ اس کے مضبوط کرنے کے بعد، يَقْطَعُوْنَ۔ کاٹتے ہیں، اَنْ يُّوْصَلَ۔ یہ کہ جوڑا جائے يُفْسِدُوْنَ۔ فساد مچاتے ہیں، اَتَجْعَلُ۔ کیا بنائے گا تو، مَنْ۔ جو، يُّفْسِدُ۔ فساد مچادے، يَسْفِكُ۔ بہادے، الدِّمَآءَ۔ خون، نُسَبِّحُ۔ تسبیح پڑھتے ہیں، بِحَمْدِكَ۔ تیرے تعریف کی، نُقَدِّسُ۔ پاکی بیان کرتے ہیں مَا تُبْدُوْنَ۔ جو ظاہر کرتے ہو تم، مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ جو کچھ چھپاتے ہو تم

يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ،

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ،

فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ

يَنقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنۢ بَعْدِ مِيثَاقِهٖ
وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ أَن يُوصَلَ
وَيُفْسِدُونَ فِى الْأَرْضِ ‘ أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ
فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ‘ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ
وَنُقَدِّسُ لَكَ ‘ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ‘
وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ‘

امر

اِهْدِنَا۔ ہدایت دے ہم کو، اَلصِّرَاطَ۔ راستہ، اَلْمُسْتَقِيمَ۔ سیدھا
اٰمِنُوا۔ ایمان لاؤ، اُدْعُوا۔ بلاؤ، شُهَدَآءَكُمْ۔ اپنے گواہوں کو
دُونِ اللّٰهِ۔ اللہ کے علاوہ، بَشِّرْ۔ خوش خبری دے دے
عَمِلُوا۔ عمل کئے اُنھوں نے، اَلصّٰلِحٰتِ۔ اچھے
اَنْۢبِئُونِى۔ بتاؤ مجھ کو، بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ۔ ان سب کے نام،
اَنۢبِئْهُمْ۔ بتا اُن کو، اُسْكُنْ۔ رہ تو، زَوْجُكَ۔ تیری بیوی،
كُلَا۔ کھاؤ تم دونوں، رَغَدًا۔ افراط سے، حَيْثُ۔ جہاں بھی،
شِئْتُمَا۔ چاہو تم دونوں، اِهْبِطُوا۔ اترو تم، عَدُوٌّ۔ دشمن۔
اُذْكُرُوا۔ یاد کرو، نِعْمَتِىَ۔ میری نعمتوں کو، اَنْعَمْتُ۔ انعام کیا میں

اَوۡفُوۡا پورا کرو، بِعَهۡدِیۡ میرا عہد، اُوۡفِ پورا کروں گا میں،

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ اٰمِنُوۡا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ

اُعۡبُدُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ اُدۡعُوۡا شُهَدَآءَكُمۡ

مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ بَشِّرِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اَنۡۢبِـُٔوۡنِىۡ بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ يٰٓاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ

يٰٓاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَزَوۡجُكَ الۡجَـنَّةَ،

وَكُلَا مِنۡهَا رَغَدًا حَيۡثُ شِئۡتُمَا، اهۡبِطُوۡا بَعۡضُكُمۡ

لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ، اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡٓ اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ

اَوۡفُوۡا بِعَهۡدِىۡٓ اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ،

اَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ،

نہی

لَا تَجۡعَلُوۡا مت بناؤ، اَنۡدَادًا ہمسر، لَا تَقۡرَبَا مت قریب ہو تم دونوں،

فَتَكُوۡنَا پس ہو جاؤ گے تم دونوں، مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ خطاکاروں میں سے

لَا تَشۡتَرُوۡا مت خریدو، ثَمَنًا قَلِيۡلًا تھوڑا دام،

لَا تَلۡبِسُوۡا مت ملاؤ، لَا تَبۡغِ مت ڈھونڈھ، لَا تَاۡكُلُوۡا مت کھاؤ تم،

لَا تَقْنَطُوْا - مت مایوس ہو، لَا تَعْثَوْا - پھرو، لَا تُلْقُوْا - مت ڈالو
بِاَیْدِیْکُمْ - اپنے ہاتھ کو، اِلَی التَّهْلُکَةِ - ہلاکت کی طرف،
لَا تَتَّخِذُوْا - مت بناؤ، هُزُوًا - مذاق،

لَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ،
لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ
لَا تَكُوْنُوْا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ، وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيَاتِيْ
ثَمَنًا قَلِيْلًا، وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ
لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْاَرْضِ، لَا تَاْكُلُوْا
اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ، لَا تَقْنَطُوْا
مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ، لَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ
لَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ،
وَلَا تَتَّخِذُوْا اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا،

تعلیماتِ قرآن

اَلْاِیْمَانُ - ایمان

(۱)

اَعُوْذُ۔ پناہ مانگتا ہوں میں، بِ۔ ساتھ، بِاللّٰہِ۔ ساتھ اللہ کے، مِنْ۔ سے، اَلشَّیْطَانِ۔ شیطان، اَلرَّجِیْمِ۔ مردود، مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ شیطان مردود سے،

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

(۲)

بِ۔ ساتھ، اِسْمِ۔ نام، اَللّٰہِ۔ اللہ، بِسْمِ اللّٰہِ۔ ساتھ نام اللہ کے، اَلرَّحْمٰنِ۔ بڑا مہربان، اَلرَّحِیْمِ۔ نہایت رحم والا،

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

(۳)

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا۔ اے ایمان والو، اٰمِنُوْا۔ ایمان لاؤ، بِاللّٰہِ۔ اللہ پر، وَرَسُوْلِہٖ۔ اور اُس کے رسول، وَالْکِتٰبِ۔ اور کتاب، الَّذِیْ۔ جو کہ، نَزَّلَ۔ اُتارا، عَلٰی۔ پر، رَسُوْلِہٖ۔ اپنے رسول، وَالْکِتٰبِ۔ اور کتاب، الَّذِیْٓ۔ جو کہ، اَنْزَلَ۔ اُتارا، مِنْ قَبْلُ۔ پہلے سے،

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ

(۴)

وَمَنْ ۔ اور جو شخص، يَّكْفُرْ ۔ کفر کرتا ہے، بِاللّٰهِ ۔ اللہ کے ساتھ
وَمَلٰٓئِكَتِهٖ ۔ اور اس کے فرشتوں، وَكُتُبِهٖ ۔ اور اس کی کتابوں،
وَرُسُلِهٖ ۔ اور اس کے رسولوں، وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۔ اور روز قیامت، فَقَدْ ۔ پس تحقیق
ضَلَّ ۔ گمراہ ہوا، ضَلٰلًا ۔ گمراہ ہونا، بَعِيْدًا ۔ دور کا،

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا

(۵)

وَلَا تَخَافُوْا ۔ اور نہ ڈرو، وَلَا تَحْزَنُوْا ۔ اور نہ غمگین ہو،
وَاَنْتُمُ ۔ اور تم، الْاَعْلَوْنَ ۔ بہت بلند ہونے والے ہو، اِنْ ۔ اگر
كُنْتُمْ ۔ ہو تم، مُّؤْمِنِيْنَ ۔ ایمان والے۔

وَلَا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

اللہ تعالیٰ خدا

۱

هُوَ - وہ، اَللّٰهُ - اللہ خدا، اَلَّذِیْ - جو، لَآ - نہیں، اِلٰهَ - معبود،
لَآ اِلٰهَ - نہیں کوئی معبود، اِلَّا - مگر، هُوَ - وہ،

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

۲

عَالِمُ - جاننے والا، اَلْغَيْبِ - چھپا ہوا، عَالِمُ الْغَيْبِ - چھپے ہوئے کا جاننے والا،
وَ - اور، اَلشَّهَادَةِ - ظاہر، عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ - چھپے ہوئے کا جاننے والا اور ظاہر کا،

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

۳

اَلْمَلِكُ - بادشاہ، اَلْقُدُّوْسُ - پاک ذات، اَلسَّلَامُ - عیبوں سے سالم،
اَلْمُؤْمِنُ - امن دینے والا، اَلْمُهَيْمِنُ - پناہ میں لینے والا، اَلْعَزِيْزُ - غالب،
اَلْجَبَّارُ - زبردست، اَلْمُتَكَبِّرُ - بڑائی والا، سُبْحَانَ - پاکی بیان کرنا،
سُبْحَانَ اللّٰهِ - پاکی اللہ کی، عَمَّا - اس چیز سے، يُشْرِكُوْنَ - شریک بتلاتے ہیں،

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ

(۴)

اَلْخَالِقُ پیدا کرنے والا، اَلْبَارِئُ بنانے والا، اَلْمُصَوِّرُ صورت بنانے والا
لَہٗ اُس کے لئے، اَلْاَسْمَاءُ بہت سے نام، اَلْحُسْنٰی بہت اچھے
یُسَبِّحُ پاکی بیان کرتا ہے، لَہٗ اُس کی، مَا جو کچھ، فِیْ میں،
السَّمٰوٰتِ آسمانوں، فِی السَّمٰوٰتِ آسمانوں میں، اَلْاَرْضِ زمین
مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے،
وَھُوَ اور وہ، اَلْعَزِیْزُ غالب، اَلْحَکِیْمُ حکمت والا،

ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَاءُ
الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

اَلْاَنْبِیَاءُ وَالرُّسُلُ

نبی اور پیغمبر لوگ

(۱)

اِنَّا بیشک ہم نے، اَوْحَیْنَا وحی بھیجی ہم نے، اِلَیْکَ تیری طرف،
کَمَا جیسا، اِلٰی طرف، نُوْحٍ نام پیغمبر، وَالنَّبِیّٖنَ اور نبیوں،

مِنْ ۔ سے، بَعْدِہٖ ۔ اس کے بعد مِنْ بَعْدِہٖ ۔ اس کے بعد سے،

اِنَّا اَوْحَیْنَا اِلَیْكَ كَمَا اَوْحَیْنَا اِلٰى نُوْحٍ

وَّالنَّبِیّٖنَ مِنْ بَعْدِہٖ

(۲)

وَاَوْحَیْنَا ۔ اور وحی بھیجی ہم نے اِلٰی ۔ طرف اِبْرٰهِیْمَ ۔ اِسْمٰعِیْلَ

اِسْحٰقَ ۔ یَعْقُوْبَ ۔ عِیْسٰى ۔ اَیُّوْبَ ۔ یُوْنُسَ

هٰرُوْنَ ۔ سُلَیْمٰنَ ۔ دَاوٗدَ ۔ پیغمبروں کے نام ہیں،

اَلْاَسْبَاطِ ۔ اولاد (خاص طور پر حضرت یعقوب پیغمبر علیہ السلام کی اولاد)

وَاٰتَیْنَا ۔ اور دیا ہم نے زَبُوْرًا ۔ نام ہے ایک کتاب کا جو حضرت

داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی،

وَاَوْحَیْنَا اِلٰى اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ

وَالْاَسْبَاطِ وَعِیْسٰى وَاَیُّوْبَ وَیُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ

وَسُلَیْمٰنَ وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا

(۳)

وَرُسُلًا ۔ اور بہت سے رسول قَدْ قَصَصْنٰهُمْ ۔ تحقیق بیان کیا ہم نے اُن کو

عَلَیْكَ ۔ تم پر، وَرُسُلًا ۔ اور بہت سے رسول، لَمْ ۔ نہیں نَقْصُصْ

بیان کیا ہم نے هُمْ ۔ اُن کو، عَلَیْكَ ۔ تم پر، كَلَّمَ اللّٰهُ ۔ بات کی اللہ نے

مُوسٰی۔ نام ہے ایک پیغمبر کا، تَکْلِیْمًا۔ اچھی طرح بات کرنا،

وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَیْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَیْكَ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰی تَكْلِیْمًا

(۲)

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ۔ اے نبی، اِنَّآ۔ بیشک ہم نے، اَرْسَلْنٰكَ۔ بھیجا ہم نے تم کو، شَاهِدًا۔ گواہی دینے والا، وَ۔ اور، مُبَشِّرًا۔ خوش خبری سنانے والا، نَذِیْرًا۔ ڈرانے والا، دَاعِیًا۔ بلانے والا، اِلَى اللّٰهِ۔ اللہ کی طرف، بِاِذْنِهٖ۔ اس کے حکم سے، وَسِرَاجًا۔ اور چراغ، مُّنِیْرًا۔ روشن

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا

اَلْمَلٰٓئِكَةُ فرشتے

(۱)

اِنَّ۔ بیشک، اللّٰهَ۔ خدا، مَلٰٓئِكَةَ۔ فرشتے، وَمَلٰٓئِكَتَهٗ۔ اور اس کے فرشتے، یُصَلُّوْنَ۔ درود بھیجتے ہیں، عَلَى۔ پر، النَّبِیِّ۔ نبی، عَلَى النَّبِیِّ۔ نبی ﷺ، یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ۔ اے وہ لوگو جو کہ، اٰمَنُوْا۔ ایمان لائے، صَلُّوْا۔ درود بھیجو، عَلَیْهِ۔ اس پر، وَسَلِّمُوْا۔ اور سلام بھیجو، تَسْلِیْمًا۔ سلام بھیجنا،

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

(۲)

مَنْ جو شخص، كَانَ ہوا، عَدُوًّا دشمن، لِلّٰهِ اللہ کے لئے، وَمَلٰٓئِكَتِهٖ اور اُس کے فرشتے، وَ اور، رُسُلِ پیغمبر، ہ اسکے، وَرُسُلِهٖ اور اُسکے پیغمبر، جِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ نام دو فرشتوں کا، فَ پس، اِنَّ بیشک، عَدُوٌّ دشمن ہے، لِ لئے، كَافِرِيْنَ کافر لوگ، لِلْكٰفِرِيْنَ کافروں کے لئے

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ

اَلْكُتُبُ کتابیں

(۱)

وَ اور، لَقَدْ البتہ تحقیق، اَرْسَلْنَا بھیجا ہم نے، نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ دو پیغمبروں کے نام، جَعَلْنَا بنایا ہم نے، فِيْ میں، ذُرِّيَّةِ اولاد، فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا ان دونوں کی اولاد میں، النُّبُوَّةَ نبوت، وَالْكِتٰبَ اور کتاب

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا

فِیْ ذُرِّیَّتِہِمَا النُّبُوَّۃَ وَالْکِتٰبَ

(۲)

ثُمَّ پھر قَفَّیْنَا پیچھے بھیجا ہم نے عَلٰی پر اٰثَارِ نشانات قدم عَلٰی اٰثَارِھِمْ۔ اُن کے نشانات قدم پر بِرُسُلِنَا۔ اپنے رسولوں کو وَقَفَّیْنَا اور پیچھے بھیجا ہم نے بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ۔ مریم کے بیٹے عیسیٰ کو وَ۔ اور اٰتَیْنٰہُ۔ دی ہم نے اس کو اَلْاِنْجِیْلَ۔ کتاب کا نام جو حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی

ثُمَّ قَفَّیْنَا عَلٰی اٰثَارِھِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّیْنَا بِعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ وَاٰتَیْنٰہُ الْاِنْجِیْلَ

(۳)

اِنَّا بیشک ہم نے اَنْزَلْنَا۔ نازل کیا ہم نے اَلتَّوْرٰىةَ۔ توریت فِیْھَا۔ اس میں ھُدًی۔ رہنمائی ہے وَنُوْرٌ۔ اور روشنی ہے

اِنَّا اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِیْھَا ھُدًی وَّنُوْرٌ

(۴)

وَاٰتَیْنَا۔ اور دیا ہم نے دَاوٗدَ۔ نام پیغمبر زَبُوْرًا۔ زبور (نام کتاب)

وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا

(۵)

وَنُنَزِّلُ۔ اور ہم اُتارتے ہیں مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ قرآن سے مَا جو

هُوَ - وہ شِفَاءٌ - شفا ہے وَرَحْمَةٌ - اور رحمت ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ - ایمان داروں کیلئے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اَلتَّقْدِيْرُ - تقدیر

اِنْ تُصِبْهُمْ - اگر پہونچے ان کو حَسَنَةٌ - بھلائی يَقُوْلُوْا - کہتے ہیں

فَمَا - پس کیا ہے لِهٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ - ان لوگوں کے لئے

لَا يَكَادُوْنَ - نہیں قریب جاتے ہیں يَفْقَهُوْنَ - سمجھیں حَدِيْثًا - بات

اِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ

قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ

لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا

اَلْيَوْمُ الْاٰخِرُ - روزِ قیامت

(۱)

وَ - اور نُفِخَ - پھونکا گیا فِي الصُّوْرِ - صور میں فَ - پس

صَعِقَ بیہوش ہوگیا، مَنْ جو شخص فِی السَّمٰوٰتِ آسمانوں میں
فِی الْاَرْضِ زمین میں اِلَّا مگر شَآءَ اللّٰہُ چاہا اللہ نے
ثُمَّ پھر نُفِخَ پھونکا گیا، فِیْہِ اس میں اُخْرٰی دوبارہ
فَاِذَا ناگاہ هُمْ وہ لوگ قِیَامٌ کھڑے یَنْظُرُوْنَ دیکھتے ہونگے

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ ثُمَّ نُفِخَ فِیْہِ اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ

(۲)

وَ اور اَشْرَقَتْ چمک اٹھی اَلْاَرْضُ زمین بِ ساتھ نُوْرِ روشنی
رَبِّهَا اپنے پروردگار، بِنُوْرِ رَبِّهَا اپنے پروردگار کے نور سے، وُضِعَ رکھی گئی
اَلْکِتٰبُ کتاب وَجِایْٓءَ بِالنَّبِیّٖنَ اور لایا گیا نبیوں کو،
